
# ٹیچرز گائیڈ

## ندا کے ننھے دوست

### اور دوسری کہانیاں

تحریر : یاسمین زیدی



# ٹیچرز گائیڈ

ٹیچر کے لئے نوٹ :

یہ ٹیچرز گائیڈ پہلی جماعت کے بچوں کے لئے تیار کی گئی ہے لیکن بچوں کے تعلیمی معیار کے مطابق دوسری جماعت کے بچوں کو بھی پڑھائی جا سکتی ہے۔

اس گائیڈ میں کتاب کو پڑھانے کے طریقے کو جس طرح مختلف سیشن میں تقسیم کیا گیا ہے وہ محض ایک تجویز ہے۔ کتاب پڑھاتے وقت بچوں کی دلچسپی اور ذہنی ارتقاء کے پیش نظر اس کی ترتیب اور مواد میں ردو بدل کیا جا سکتا ہے۔

پرندوں کے لئے دانہ اور مٹی کا برتن منگوا کر رکھئے۔
کتاب "ندا کے ننھے دوست" تین کہانیوں پر مشتمل ہے۔ ہر کہانی کے لئے فلیش کارڈ الگ الگ تیار ہوں گے۔

ان کہانیوں کا بنیادی مقصد پودوں اور جانوروں کی ضروریات کا خیال رکھتے ہوئے اپنے ماحول کو بہتر بنانا اور دنیا میں موجود ہر جاندار کی دیکھ بھال کی ذمہ داری کا احساس ہے۔ تیسری کہانی میں گنتی کو الفاظ میں لکھنا بتایا گیا ہے۔

## پہلا سیشن :

اس سلسلے میں سب سے پہلے بچوں کو اسکول میں موجود باغیچے میں لے جایا جائے اور بچوں سے کہا جائے کہ مٹی کے برتن میں دانہ ڈال کر رکھ دیں۔ بچے تھوڑے فاصلے پر خاموشی سے کھڑے ہو کر سنیں کہ کتنے مختلف پرندوں کی آوازیں سنائی دے رہی ہیں۔
اب بچوں کو کلاس میں واپس لے آئیں اور باتوں کے دوران اس بات کا احساس دلائیں کہ ہم سب کی خوشیاں اور ضروریات ایک دوسرے سے وابستہ ہیں۔ آس پاس کا ماحول ہم پودوں، پھولوں اور پرندوں کا خیال رکھ کر بہتر بنا سکتے ہیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ :

اگلے دن کے لئے کتاب میں موجود الفاظ مثلاً احمد، چڑیا، روٹی، باغ، ٹکڑا، دوستی، کھائی، کے فلیش کارڈ تیار کرکے لائیں۔
Flash Card سے الفاظ پڑھنا سیکھ کر بچے کتاب خود اعتمادی سے پڑھ سکتے ہیں۔

## دوسرا سیشن :

ترتیب وار بچوں میں Flash Card تقسیم کیجئے۔ کارڈ دیتے وقت ان پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھتی جائیے۔ بچے اپنے فلیش کارڈ غور سے دیکھیں اور الفاظ کی پڑھائی کریں۔ پانچ منٹ بعد بچوں سے ان الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔ بچے فلیش کارڈ آپس میں جب تک تبدیل کریں جب تک کہ ہر بچے کے پاس فلیش کارڈ پہنچ نہ جائے۔ اس مشق کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ کہانی کی پڑھائی سے قبل بچے اس میں آنے والے الفاظ سے واقف ہوجائیں۔

## تیسرا سیشن :

آج بچوں کو کتابیں دی جائیں کچھ وقت بچوں کو دیجئے تاکہ وہ اپنی کتابیں غور سے دیکھ لیں۔ اب ٹیچر بچوں کو کہانی سنائے۔ کہانی سناتے وقت ٹیچر کا لب و لہجہ بالکل الفاظ کے مطابق ہو تاکہ کہانی کے ذریعے جو پیغام دیا جارہا ہے وہ بچوں کو متاثر کرسکے۔

کاپی میں چڑیا، باغ، روٹی، ٹکڑا اور دوستی کی لکھائی کروائیں۔

## چوتھا سیشن :

کہانی "چڑیا" کی انفرادی پڑھائی کے بعد پرندوں کی عادات، غذا اور اقسام کے بارے میں بات چیت کریں اور اگر کچھ بچوں نے پرندے پالے ہوئے ہوں تو بچوں کو اپنے پرندوں کے بارے میں کچھ بتانے کا موقع دیں کاپی میں الفاظ کی جوڑ توڑ کروائیں۔ احمد، کھائی، روٹی، دوستی۔

## گھر کا کام :

نیچے دیئے گئے جملے پڑھیئے۔ صحیح جملوں پر (✓) کا نشان اور غلط جملوں پر (✗) کا نشان لگائیے۔

(1) احمد کے باغ میں دو چڑیاں رہتی ہیں۔

(2) احمد نے چڑیا کو روٹی کا ٹکڑا دیا۔

(3) چڑیا نے روٹی نہیں کھائی۔

(4) احمد کی چڑیا سے دوستی ہوگئی۔

## پانچواں سیشن :

آج دوسری کہانی "پودے" سے متعلق Flash Card تقسیم کئے جائیں۔ اسی دوران بچوں سے پودوں کے بارے میں بات چیت کریں مثلاً کیا پودے ہماری طرح جاندار ہیں؟ سانس لیتے ہیں؟ انھیں کھانا پانی چاہئے؟ پودوں کا کون خیال رکھتا ہے؟ پودوں کی دوسری ضروریات کیا ہیں؟ اور اگر پودوں کا خیال نہ رکھا جائے تو ہمارے ماحول پر کیا اثر ہوگا؟ اب بچوں کو کہانی "پودے" تاثرات کے ساتھ سنائیں۔

## چھٹا سیشن :

کہانی پودے کی بچے انفرادی پڑھائی کریں ٹیچر کہانی میں موجود کچھ الفاظ بہت، پودے، پودوں، رہتے، بیمار، اداس کی بورڈ پر لکھائی کریں اور بچوں سے پڑھائی کروائیے۔

## گھر کا کام :

بورڈ پر سوالات لکھئے۔ "جی ہاں" یا "جی نہیں" کے ساتھ کاپی میں جواب لکھ کر لائیں۔

| سوالات | جوابات |
|---|---|
| (1) کیا علی کے گھر میں پودے ہیں؟ | جی ہاں! علی کے گھر میں پودے ہیں۔ |
| (2) کیا مالی پودوں کو پانی نہیں دیتا؟ | |
| (3) کیا پودے خوش ہیں؟ | |
| (4) کیا مالی بیمار ہوگیا؟ | |
| (5) کیا علی نے پودوں میں پانی نہیں ڈالا؟ | |

## ساتواں سیشن :

تیسری کہانی "ندا کے ننھے دوست" کا بنیادی مقصد گنتی کو الفاظ میں لکھنا اور کیڑوں کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہے۔ مثلاً تمام کیڑے مکوڑوں (حشرات الارض) کا جسم تین واضح حصوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ سر، سینہ، اور پیٹ۔ حشرات الارض میں سے کوئی بھی ایسا نہیں کہ جس کی آواز اس کے گلے سے نکلتی ہو، سب کیڑے جسم کے مختلف حصوں کو رگڑ کر آوازیں نکالتے ہیں۔ جیسا کہ کتاب کے شروع میں ہم نے بتایا کہ ہر جاندار کا انحصار ایک دوسرے پر ہے تو ہم بچوں سے پوچھ سکتے ہیں کہ ہمارے لئے کیڑے کس طرح فائدہ مند ہیں یا ہم کیڑوں کا مشاہدہ کرکے کیا دیکھ سکتے ہیں مثلاً چیونٹی کا قطار میں چلنا یا اپنے وزن سے زیادہ بڑی چیزیں اٹھانا۔ شہد کی مکھی کا اپنے بڑوں کی بات کا ماننا (شہد کی مکھی ہمیشہ رانی مکھی کے اشارے پر چلتی ہے اور ہمیشہ محنت اور لگن سے اپنا کام انجام دیتی ہے)۔

### آٹھواں سیشن :

پہلے دئے گئے طریقے کے مطابق Flash Card تقسیم کریں اور تمام بچوں کے لئے فلیش کارڈ کی Reading یقینی بنائیں۔

### نواں سیشن :

پہلے بچوں کو کہانی "ندا کے ننھے دوست" کہانی کے تاثرات کے مطابق سنائی جائے گی۔ کہانی میں موجود گنتی بلیک بورڈ پر الفاظ میں لکھ دیں۔ بچے اپنی کاپیوں میں گنتی الفاظ میں لکھ کر تعداد کے مطابق تصویریں بنائیں گے۔ مثلاً (ایک کے آگے وہ ایک ہی ٹڈا یا ایک تتلی یا کوئی کیڑا بنائیں گے)

### گھر کا کام :

پرانی کتابوں یا میگزین میں سے مختلف کیڑوں کی تصاویر کاٹ کر لائیے۔

### دسواں سیشن :

پہلے دو صفحوں کی انفرادی پڑھائی کروائیں پھر بچوں کے ساتھ ایک دائرے میں بیٹھ کر کیڑوں کی تصاویر کو بیچ میں رکھیں۔ بچوں سے کیڑوں کو ناپسندیدہ سمجھنے کی وجوہات کے بارے میں بات کریں۔ مثلاً یہ کاٹ لیتے ہیں۔ بیماریاں اور گندگی پھیلاتے ہیں کپڑے کاٹ ڈالتے ہیں اور گندے نظر آتے ہیں۔ اب ان کیڑوں کی طرف بچوں کی توجہ دلائیں اس کے بعد اپنی داہنی طرف کے بچے سے شروع کرتے ہوئے یہ جملہ مکمل کرنے کو کہیں :

"مجھے کیڑے پسند نہیں کیونکہ ............................"

اسی طرح اب کیڑوں کے فائدہ مند ہونے کے بارے میں بات کیجئے۔ مثلاً خوبصورت ہیں' رنگین ہیں' (تتلیاں) شہد دیتے ہیں' پودوں کو فائدہ پہنچاتے ہیں' زمین کو زرخیز بناتے ہیں' اب بچوں کو دوبارہ موقع دیں کہ وہ اس جملے کو مکمل کرسکیں : "مجھے کیڑے پسند ہیں کیونکہ ........................."

آج تیسرے اور چوتھے صفحے کی انفرادی پڑھائی کے بعد بچے کہانی میں موجود چیزوں کی تعداد لکھیں گے۔ مثلاً ایک لڑکی' ایک ٹڈا' چار پتھر' دو گھونگھے وغیرہ۔

## گھر کا کام :

نیچے دیئے گئے الفاظ سے آسان جملے بنایئے۔ جملوں کے مطابق اپنی مرضی سے تصویریں بھی بنائیں :

دادی اماں' گانا' تالی' گھاس

## گیارہواں سیشن :

آخری دو صفحوں کی انفرادی پڑھائی کروائی جائے گی اور بچوں کو گنتی سے متعلق یہ نظم سنائی جائے گی۔

(نظم اگلے صفحے پر موجود ہے)

اس نظم کو یاد کروانے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ آپ ایک ایک کرکے بچوں کو بلایئے اور نظم پڑھتی یا گاتی جایئے۔ اس طرح پانچ اور پانچ' دس بچوں کو قطار میں کھڑا کرسکتے ہیں' انہیں مزہ بھی آئے گا اور گنتی یاد بھی ہوگی اور جمع کرنا (Addition) بھی سیکھیں گے۔

# قطار

چیونٹیاں چلتی ہیں ایک کے پیچھے ایک
ایک کے پیچھے ایک
ایک چیونٹی رک گئی کھانے کیک
ایک کے پیچھے ایک
چیونٹیاں چلتی ہیں دو کے پیچھے دو
ایک چیونٹی کہتی ہے جانے بھی دو
دو کے پیچھے دو
دو کے پیچھے دو
چیونٹیاں چلتی ہیں تین کے پیچھے تین
ایک چیونٹی رک گئی بجانے بین
تین کے پیچھے تین
تین کے پیچھے تین
چیونٹیاں چلتی ہیں چار کے پیچھے چار
ایک چیونٹی کے پیچھے ساری قطار
چار کے پیچھے چار
چار کے پیچھے چار
چیونٹیاں چلتی ہیں پانچ کے پیچھے پانچ
ایک چیونٹی رک گئی کھانے اناج
پانچ کے پیچھے پانچ
پانچ کے پیچھے پانچ

تجویز کردہ Activities :

چڑیا کا گھونسلہ :

کہانی " چڑیا " سے متعلق Activity

اشیاء۔

ایک خالی گتے کا ڈبہ

جوتے یا کسی بھی گتے کے خالی ڈبے کو کھڑکی کے شفاف شیشے پر باہر کی جانب سے اس طرح چپکائیں کہ جوتے کا کھلا ہوا حصہ شیشے پر چپکا ہوا ہو اور ڈبے کا اندرونی حصہ کمرے کے اندر سے نظر آ رہا ہو۔ ڈبے کو اوپر کی طرف کم از کم تین انچ کاٹ لیں۔ ہوسکتا ہے کہ اگلے ہی دن بچے دیکھیں گے کہ چڑیا نے اس ڈبے میں اپنا گھونسلہ بنالیا ہے۔ بچے بغیر چڑیا کو تنگ کئے ہوئے چڑیا کو گھر بناتے ہوئے' انڈوں کی دیکھ بھال کرتے ہوئے' بچے نکلتے ہوئے دیکھ سکتے ہیں۔

بیج بونا :

کہانی " پودے" کے متعلق Activity

تیاری :

پلاسٹک یا شیشے کی صاف بوتلیں' بچوں کی تعداد کے مطابق' روئی کا ایک بنڈل' بھٹے' دھنیا' باجرے اور سرسوں کے بیج منگائیے۔ کاغذ کی Slips پر بچوں کے نام لکھ کر بچوں کی لائی ہوئی بوتلوں پر لگائیے' ایک جگ میں پانی ساتھ لائیے۔

## چیونٹیوں کی کالونی :

### اشیاء

(۱) ایک مربع انچ موٹی لکڑی کے ایک فٹ لمبے تین ٹکڑے

(۲) ایک مربع فٹ پون انچ موٹے شیشے کے ٹکڑے دو عدد

### طریقہ :

(۱) پہلے لکڑی کے تینوں ٹکڑوں کو اس طرح جوڑ لیں

(2) اب اس فریم کے دونوں اطراف شیشے کے ٹکڑے چپکا دیں۔

(3) اس فریم کے 3/4 حصے میں مٹی بھر دیں۔

(4) اب چیونٹیاں تلاش کریں۔ کسی بھی جگہ جہاں چیونٹیوں کی لمبی قطار جاتی دکھائی دے بس اسی جگہ تین انچ تک کھدائی کریں تو خاص جسامت کی ایک چیونٹی نظر آئے گی یہ ملکہ چیونٹی ہے۔

(5) اب فریم میں ملکہ چیونٹیوں کو داخل کرنے کے بعد باقی چیونٹیوں کو بھی داخل کر دیں۔

(6) فریم کے شیشے پر تھوڑا سا شہد اندر کی طرف لگا دیں۔

تین دن بعد چیونٹیوں کی بنائی ہوئی سرنگیں نظر آنا شروع ہو جائیں گی۔

چار دن کے مشاہدے سے یہ حقائق سامنے آئیں گے۔

- کالونی میں ملکہ کے علاوہ تین طرح کی چیونٹیاں دیکھنے میں آئیں، کارکن، محافظ، اور نر چیونٹیاں۔
- کارکن، خوراک حاصل کرتی ہیں۔
- محافظ، ملکہ اور انڈوں کی حفاظت کرتی ہیں۔
- نر اور ملکہ چیونٹیاں انڈے دینے کا کام کرتی ہیں۔

کلاس کو چار گروپ میں ترتیب دیجئے۔ بچوں کو ان کی بوتلیں اور روئی دیجئے۔ بچے روئی بوتل کے اندر ڈالیں۔ باری باری اس پر پانی ڈالیں۔ اب ہر گروپ کو کسی ایک بیج کا پیکٹ دیجئے۔ (بچوں کو بتائیے کہ آپ نے انہیں کس چیز کا بیج دیا ہے) باری باری بچے اپنی بوتلوں میں بیج ڈالیں۔ اب بچوں سے پوچھئے کہ انہوں نے بیج بونے کا کام کس ترتیب سے کیا۔ بورڈ پر نمبروار ترتیب لکھتی جائیے۔ کلاس میں موجود کسی کھڑکی یا دروازے کے قریب میز پر رکھ کر اس پر یہ بوتلیں رکھیئے۔ بچوں سے کہئے کہ روزانہ اسکول آکر اپنی بوتلیں دیکھیں کہ بیج میں سے کوئی پودا نکلا کہ نہیں۔ اگر روئی خشک نظر آئے تو اس پر تھوڑا سا پانی اور ڈالیں۔ اگر ممکن ہو تو بعد میں ان پودوں کو چھوٹے گملوں میں لگوا کر اسکول میں رکھیں اور بچوں کہ ان کی دیکھ بھال کرتے رہیں۔

# ندا کے ننھے دوست

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
مطبع ٹیچرز گائیڈ : جیلانی پرنٹرز
ناشر : بک گروپ، کراچی

ہم New Zealand High Commission کے ممنون ہیں جن کی مالی اعانت سے کتاب ندا کے ننھے دوست اور اس کی ٹیچرز گائیڈ کی تدوین وطباعت ہوئی۔

bookgroup
187/2C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk